کل نمبر:25 — **ٹیسٹ اسلامیات (دوم)** — **وقت:40 منٹ**

دوسرا مہینا، دوسرا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس:** دہرائی ٹیسٹ

سوال نمبر1: درست جواب کا انتخاب کریں۔ **(4)**

(i) ارکانِ اسلام کی تعداد ہے:

(ا)	تین	(ب)	چار	(ج)	پانچ	(د)	آٹھ

(ii) جس نے اچھی طرح وضو کیا اور تین مرتبہ کلمہ شہادت پڑھا اس کے لیے جنت کے کتنے دروازے کھولے جائیں گے؟

(ا)	تین	(ب)	چار	(ج)	سات	(د)	آٹھ

(iii) اسلام کا بنیادی اور سب سے اہم رُکن ہے:

(ا)	کلمہ شہادت	(ب)	نماز قائم کرنا	(ج)	حج کرنا	(د)	زکوٰۃ دینا

(iv) ''شہادت'' کا معنی ہے۔

(ا)	مشاہدہ کرنا	(ب)	بیان کرنا	(ج)	گواہی دینا	(د)	عبادت کرنا

سوال نمبر2: مناسب الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔ **(1.5×4=6)**

(i) کلمہ شہادت اسلام کا ______________ رکن ہے۔

(ii) اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی ______________ کے لائق نہیں۔

(iii) کلمہ شہادت میں ہم اسی بات کا اقرار کرتے ہیں کہ ہم ______________ کی عبادت کریں گے۔

(iv) وہ بنیادی تصورات جن پر اسلام کی عمارت قائم ہے ______________ کہلاتے ہیں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔ **(2×5=10)**

(i) اسلام کا پہلا رکن کون سا ہے؟

(ii) جنت کے آٹھوں دروازے کس کے لیے کھولے جائیں گے؟

(iii) کلمہ شہادت کا تقاضا کیا ہے؟

(iv) ہمیں کن کی اطاعت کرنی چاہیے؟

(v) اسلام کے ارکان کتنے ہیں؟

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھیں۔ **(5)**

کلمہ شہادت میں موجود تعلیمات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

یا کلمہ شہادت کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔